بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نعت

بحضور رسالتمآب حضرت احمدِ مجتبیٰ محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم

"عشقِ خیرُ البشرؐ اگر لکھنا" ☆☆☆ خونِ دل سے مرے مگر لکھنا

بے خطا جس نے اِتباع کی ہے ☆☆☆ مہدیٔ ہادیُ البشرؐ لکھنا

بالیقیں آئینہ ہیں خالق کے ☆☆☆ خُلقِ معبود کا پیکر لکھنا

ہے ثناء خواں حبیبؐ کا خالق ☆☆☆ طٰہٰ ، یٰسین اور کوثر لکھنا

عظمت و شانِ ذاتِ اقدس میں ☆☆☆ نورِ حق ، ذاتِ مُطہّر لکھنا

در ہیں گر شہرِ علم کے حیدرؓ ☆☆☆ آپؐ کو علم کا نگر لکھنا

نعت پڑھنا، سلام اور مدحت ☆☆☆ ہے سعادت حضورؐ پر لکھنا

سلام بھیجنا لاکھوں اُن پر ☆☆☆ دَرودِ پاک نبیؐ پر لکھنا

لاکھ کیجے ثناء محمدؐ کی ☆☆☆ کم بہت کم ہے عمر بھر لکھنا

ہاں شفاعت نبیؐ سے ہے مخصوص ☆☆☆ حاشِرؐ و شافِع محشرؐ لکھنا

اُڑ کے شاہیںؔ نبیؐ کی تربت پر ☆☆☆ دے دیا جاں حضورؐ پر لکھنا

منجانب فکر:- فقیر سید سعید الحق شاہیںؔ تشریف اللّٰہی۔امریکہ